28/02/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عارف حسین سے خبریں سُنئے

موسم

وادی کے بالائی اور میدانی علاقوں میں دو روز سے اگر چہ درمیانہ درجے سے شدید برف باری ہوئی تاہم آج دوپہر کے بعد موسم بہتر ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے ۔ وادی میں موجودہ موسمی صورتحال کے بارے میں تفصیلات دیتے ہوئے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

تعطیلات

وادی میں موجودہ موسمی صورتحال کے پیش نظر سکولوں کی سرمائی تعطیلات میں توسیع کر دی گئی ہے اور اب سکول 7 مارچ کو کھلےں گے ۔ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو سے بات کرتے ہوئے کہا ۔

سون میراث

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے ثقافت ، فن اور دستکاری کو فروغ دینے کے حوالے سے کشمیر ہاٹ مینمنعقدہ سون میراث فسٹیول کا جائزہ لیا ۔ اس موقع پر ڈویژنل کمشنر نے نمائش گاہ میں مختلف سٹالوں کا معائینہ کرنے کے بعد بات کرتے ہوئے کشمیر کی لازوال روایات ، ثقافتی ورثہ اور فن کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا ۔

OBC

ایک اہم پیشرفت میں ، جموں و کشمیر لوکل باڈیز Dedicated Backward Classes Commission نے اپنی حتمی سفارشات چیف سکریٹری اٹل ڈلو کو پیش کی ہیں۔ یہ کمیشن Other Backward Classes طبقے کی خاطر ریزرویشن کوٹہ طے کرنے کے لئے سفارشات پیش کرنے کی غرض سے تشکیل دیا گیاہے ۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بھٹ اور ڈپٹی کمشنر کے شوپیان ششر گپتانے رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے تناظر میں میٹنگیں منعقد کیں ، جس دوران تمام بنیادی سہولیات اور ضروری اشیاءکی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ محکموں کی طرف سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا گیا ۔

انہوں نے کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کو ہدایت دی کہ وہ اس مہینے میں، سحری اور افطاری اوقات کے دوران بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے حاجن قصبے کا دورہ کر کے وہاں دریا کے کنارے باندھ کی تعمیر کے علاوہ سڑک کی تجدید و مرمت کے کام کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ وہ یہ کام جلد از جلد مکمل کریں تاکہ مقامی لوگوں کو مزید دشواریوں کا سامنا نا کرنا پڑے ۔

اننت ناگ

اچھہ بل اننت ناگ مینتین نئے فوجداری قوانین کے بارے میں ضلع کے ڈپٹی کمشنر سید فخر الدین حامد کی صدارت میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ نئے قوانین کی عمل آوری سے جلد انصاف دلانا اورسزا کے بجائے انصاف کو ترجیح دینا یقینی بن گیا ہے۔

کپواڑہ

ضلع کپواڑہ میں سرکاری محکموں کے استعمال کے تحت عمارتوں کے کرایہ کے تعین کے مختلف معاملات کو حتمی شکل دینے کے لئے ڈپٹی کمشنرکپواڑہ آیوشی سدن نے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ اس موقع پر ایسے 42 معاملات میں سے 37 معاملات کو موقعہ پر ہی حل کیا گیا ۔

کولگام

نشہ مکت بھارت مہم کے تحت ضلع انتظامیہ کولگام نے ضلع میں نشہ کی لعنت کا قلع قمع کرنے کے لئے مذہبی رہنماو

---

ں کے ساتھ مشاورت کی ۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے کولگام کو منشیات سے پاک ضلع بنانے کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کی اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا ۔

SMC

آبی ذخائر کے تحفظ اور ماحولیاتی استحکام کو فروغ دینے کے لئے سرینگر میونسپل کارپوریشن کے اشتراک سے وزارت جل شکتی کے تحت River Conservation Directorate نے نیشنل عوامی بیداری کے کئی پروگراموں کا انعقاد کیا ۔

فورم

فورم کی Economy اور سرکیولر Rبھارت تین مارچ سے پانچ مارچ تک بارہویں علاقائی 3 میزبانی کر رہا ہے ۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ فورم باہمی مشاورت کا ایک اعلیٰ ترین پلیٹ فارم ثابت ہو گا ۔

جشن ترال

فوج نے گورنمنٹ ڈگری کالج ترال میں موسیقی ،رقص اور مارشل آرٹس کے حوالے سے ” جشن ترال “پروگرام کا انعقاد کیا ۔ اس پروگرام میں مقامی فنکاروں کے ساتھ ساتھ مارشل آرٹس سے وابستہ کئی نوجوانوں نے شرکت کرکے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ